نمبر ۵۲ — جلد ۴۰

رامپور اسٹیٹ گزٹ
RAMPUR STATE GAZETTE

بحکم بندگان اعلیحضرت حضور پرنور دام اقبالہم و ملکہم

مطبوعہ روز دوشنبہ تاریخ ۱۰ رجب المرجب ۱۳۴۷ھ مطابق ۲۴ دسمبر ۱۹۲۸ء

فہرست مضامین

حکم اجلاس ہمایون بندگان حضور پرنور دام اقبالہم و ملکہم

واقع ۳۰ اگست ۱۹۲۸ء

مصدرہ کاغذات رپورٹ صاحب پرائیوٹ سکریٹری بہادر مشمولہ تحریر صاحب کنٹرولر آف ہاؤس ہولڈ دربارہ منظوری ٹھیکہ گوشت گینی فی راس مبلغ سولہ روپیہ و بکری و دنبی و اس تیرہ روپیہ فی راس مبلغ آٹھ روپیہ بابت مصارف مہمانان بنام امیر اللہ بوچڑ سکنہ بریلی من ابتداء اگست ۱۹۲۸ء لغایت جولائی ۱۹۲۹ء

حکم

ٹھیکہ گوشت کی بموجب رپورٹ منظوری دیجاتی ہے - کاغذات بغرض کارروائی واپس ہوں کیپ پرداز

حسب الحکم دستخط صاحب چیف سکریٹری بہادر

اجلاس صاحب پرائیوٹ سکریٹری بہادر

احکام ضابطہ محکمہ صدر سے جاری ہوکر داخل دفتر ہو - ۳ دسمبر ۱۹۲۸ء

دستخط صاحب پرائیوٹ سکریٹری بہادر

حکم اجلاس ہمایون بندگان حضور پرنور دام اقبالہم و ملکہم

واقع ۲۹ نومبر ۱۹۲۸ء

مصدرہ کاغذات رپورٹ صاحب پرائیوٹ سکریٹری بہادر دربارہ منظوری ٹھیکہ گوشت مادہ گاؤ فی روپیہ سوا پانچ سیر مصارف شیران باڑہ و رخانہ من ابتداء ۱۶ نومبر ۱۹۲۸ء لغایتہ ۱۵ اکتوبر ۱۹۲۹ء بنام چھدا قصاب

حکم

موجب رپورٹ کمیٹی گزشتہ گاؤ معارف شیران بار و دارخانہ من ابتداء نومبر ۱۹۲۸ء لغایتہ ۱۵ر اکتوبر ۱۹۲۹ء بنرخ فی روپیہ ۵ سیر بنام چند اقصاب منظور ہے کاغذات بغرض کارروائی واپس ہوں۔

حسب الحکم دستخط صاحب چیف سکریٹری بہادر

حکم اجلاس صاحب پرائیوٹ سکریٹری بہادر

نکر صدور سے احکام ضابطہ بموجب صراحت حکم اجلاس ہمایون جاری ہوں۔

دستخط صاحب پرائیوٹ سکریٹری بہادر

احکام اجلاس ہمایون بندگان حضور پرنور دام اقبالہم وملکہم

تقرر

۱۹ر نومبر ۱۹۲۸ء

مثل نمبر صاحب سکریٹری بہادر صنعت وحرفت موسومہ صاحب چیف سکریٹری بہادر درباره ... کہ بندگان حضور پرنور دام اقبالہم وملکہم کا منشا الیاس محمد خان کو ایک دیسی ... بنا ... ماہوار کا زائد سب انسپکٹر آبکاری مقرر کیا جاوے۔

حکم

الیاس محمد خان سب انسپکٹر آبکاری زائد از قول بشاہرہ پچیس روپیہ ماہوار بموجب تحریر صاحب سکریٹری بہادر صنعت وحرفت مقرر کئے جائیں۔ احکام ضابطہ جاری ہوں۔

حسب الحکم دستخط صاحب چیف سکریٹری بہادر

رخصت

۱۰ر دسمبر ۱۹۲۸ء

مثل رپورٹ صاحب فائنیل سکریٹری بہادر درباره منظوری رخصت دس یوم من ابتداء ۱۵ر دسمبر لغایتہ ۲۴ر دسمبر ۱۹۲۸ء بغرض شرکت شادی ہمشیرگان بمقام لاہور بخشی صاحب فوج۔

حکم

بموجب رپورٹ نمبر میاں عطار الرحمن بخشی فوج کی دس یوم کی رخصت من ابتداء ۱۵ر لغایت ۲۴ر دسمبر ۱۹۲۸ء منظور ہے۔ احکام ضابطہ جاری ہوں۔

حسب الحکم دستخط صاحب چیف سکریٹری بہادر

اضافہ

۱۰ر دسمبر ۱۹۲۸ء

مثل رپورٹ صاحب فائنینس سکریٹری بہادر درباره اضافہ تنخواہ مبلغ دس روپیہ ماہوار کے جانگی پرشاد نائب دیوانصدر بوجہ بجٹ

درباره تنخواہ از سابق نائب دیوانصدر

حکم

جانگی پرشاد نائب دیوانصدر کی تنخواہ میں دس روپیہ ماہوار اضافہ بموجب رپورٹ منظور ہے۔ احکام ضابطہ جاری ہوں۔

حسب الحکم دستخط صاحب چیف سکریٹری بہادر

اضافہ

۱۲ر دسمبر ۱۹۲۸ء

سید محمد تقی پنشنیر پروفیسر کی تنخواہ موجودہ میں پچیس روپیہ ماہوار اضافہ بموجب رپورٹ منظور ہے۔ کاغذات بغرض اجراء احکام واپس ہوں۔

حسب الحکم دستخط صاحب چیف سکریٹری بہادر

اعلیحضرت بندگان حضور پرنور دام اقبالہم وملکہم

عرض	سرسالہ

جناب عالی

سید محمد تقی پروفیسر شاخ فارسی ۱۹۱۹ء کے ملازم ہیں۔ پچہتر روپیہ تنخواہ پاتے ہیں۔ انکو آخر اضافہ ۱۹۲۵ء میں عطا ہوا ہے۔ شاخ فارسی کا نتیجہ ہمیشہ نہایت قابل تعریف رہا پروفیسر مذکور نہایت محنت سے کام کرتے ہیں۔ جناب ڈاکٹر صاحب مدرسہ عالیہ نے انکی لیاقت و دیرینہ ملازمت اور کام کی خوبی کی بنا پر پچیس ماہوار اضافہ کی سفارش کی ہے۔ نیز تنخواہ پروفیسر مذکور کے خدمات اس اضافہ کے مستحق ہیں۔ لہذا عرضداشت ہذا باامید صدور حکم منظوری اجلاس ہمایون ہے۔ دولت واقبال جاوید باد

حکم اجلاس صاحب جوڈیشل سکریٹری بہادر

حسب صراحت حکم اجلاس ہمایون احکام ضابطہ جاری ہوں۔ ۱۳ر دسمبر ۱۹۲۸ء

دستخط صاحب جوڈیشل سکریٹری بہادر

بحالی

۱۵ر دسمبر ۱۹۲۸ء

صاحب جوڈیشل سکریٹری بہادر کی استدعا منظور ہے۔ بغرض اجراء احکام کاغذات صاحب جوڈیشل سکریٹری بہادر کے پاس مرسل ہوں۔

حسب الحکم دستخط صاحب چیف سکریٹری بہادر

اعلیحضرت بندگان حضور پرنور دام اقبالہم وملکہم

عرض	سرسالہ

جناب عالی

سید حسن جعفر سابق ڈرائنگ ماسٹر ہائی اسکول نے حاضر ہو کر اپنی بحالی کی درخواست پیش کی ہے

چونکہ سید حسن جعفری کی جگہ دوسرے ڈرائنگ ماسٹر کا تقرر ہو چکا ہے لہذا حسن جعفری کی اپنی جگہ پر بحالی نہیں ہو سکتی ہے سید اولادنبی ڈرائنگ ماسٹر کا کام خراب ہے - انسپکٹر صاحب مدارس نے معائنہ میں بھی اُنکے کام کو بہت خراب لکھا ہے مستعدد درخواستیں بھی وقتاً فوقتاً اُنکی شکایت میں آتی رہی ہیں - لہذا وہ برخاستگی کے قابل ہیں - عرضداشت بامید صدور حکم منظوری برخاستگی سید اولادنبی و تقرر سید حسن جعفر اپنی سابقہ تنخواہ پر وارسال اجلاس ہمایوں ہے۔ دولت و اقبال جاوید باد

[illegible]

حکم اجلاس صاحب جوڈیشل سکریٹری بہادر

حسب صراحت حکم اجلاس ہمایون احکام ضابطہ جاری ہون - ۱۵ دسمبر ۱۹۲۸ء

دستخط صاحب جوڈیشل سکریٹری بہادر

حکم اجلاس صاحب ریونیو سکریٹری بہادر

واقع ۸ دسمبر ۱۹۲۸ء

یہ کاغذات پیش ہوئے - نوٹ حاکم صاحب صدر مورخہ ۳۰ ستمبر ۱۹۲۸ء و رپورٹ کمیٹی مورخہ ۲۹ نومبر ۱۹۲۸ء ملاحظہ ہوا - تقرری پدھانان کی اِمثال جو برائے عطائے سند پدھانی باجلاس حاکم صاحب صدر بھیجی جاتی ہیں وہ عرصہ تک بوجہ نہ آنے پدھانان بابتحصول سند پدھانی اجلاس حاکم صاحب صدر میں پڑی رہتی ہیں - لہذا برائے آیندہ یہ انتظام کیا جاتا ہے کہ عطائے سند پدھانی کی مثل جب اجلاس حاکم صاحب صدر میں آئے تو اجلاس حاکم صاحب صدر سے تین ماہ کی میعاد دیکر حکم جاری کیا جائے کہ اس عرصہ میں پدھان حاضر ہو کر سند پدھانی حاصل کرے - اگر تین ماہ تک پدھان برائے حصول سند حاضر نہ ہو تو نوٹس میعادی دس یوم بایں مضمون جاری کیا جائے کہ تین ماہ کی میعاد حصول سند کے واسطے تمکو دیگئی تھی اس میعاد میں تم سند لینے کیلئے حاضر نہ ہوئے لہذا ایک ماہ تک تمہارا انتظار کیا جائیگا - اور جبتک تم حاضر ہو ۱ روپیہ جرمانہ عدم حاضری کا باندھ لیا جائیگا - اگر اب بھی ایک ماہ تک تم حاضر نہ ہوئے تو پدھانی منسوخ کردیجائیگی) اس اجراء و تعمیل نوٹس کے بعد بھی اگر پدھان حصول سند کے لئے حاضر نہ ہو تو برخاستگی پدھانی کی رپورٹ ہونا چاہئے - حکم ہوا کہ ایک ایک نقل حکم ہذا بخدمت حاکم صاحب صدر و صاحب اسسٹنٹ و جملہ تحصیلداران کے پاس مرسل ہو - ایک نقل درج گزٹ ہو -

دستخط صاحب ریونیو سکریٹری بہادر

حکم اجلاس صاحب ریونیو سکریٹری بہادر

اضافہ

۱۰ دسمبر ۱۹۲۸ء

مثل رپورٹ حاکم صاحب صدر دربارہ اضافہ تنخواہ اعجاز رسول خان اہلمد محافظ خانہ کلیات صدر عوض خدمت محمد یوسف خان نابالغ پسر عنایت اللہ خان مشاہرہ دار ۶ روپیہ بوجہ لیاقت و قابلیت محنت و حسن انجام دہی خدمت متعلقہ -

حکم

رپورٹ حاکم صاحب صدر مع فہرست تنخواہ اہلمدان صدر محافظ خانہ ملاحظہ ہوئی - اعجاز رسول کی تنخواہ میں ایک روپیہ ماہوار اضافہ کیا جانا منظور ہے - احکام ضابطہ جاری ہوں -

دستخط صاحب ریونیو سکریٹری بہادر

احکام اجلاس صاحب جوڈیشل سکریٹری بہادر

توسیع

۹ دسمبر ۱۹۲۸ء

صفدر سلطان خان مدرس اول مدرسہ گنج سیف الدین خان کا تبادلہ مدرس اول کی جگہ پر مدرسی دوم سے - اور تین روپیہ ماہوار الاؤنس آخر دسمبر ۱۹۲۸ء تک کے لئے ہوا تھا - اس ترقی اور الاؤنس میں آخر اپریل ۱۹۲۹ء تک توسیع کیجاتی ہے - لہذا

حکم ہوا کہ

حکم ہذا برائے اندراج گزٹ مطبع کو مرسل ہو -

دستخط صاحب جوڈیشل سکریٹری بہادر

تقرر

۱۰ دسمبر ۱۹۲۸ء

حسب رپورٹ ڈپٹی انسپکٹر صاحب مدارس مدرسہ کرا تحصیل شاہ آباد میں مسمی احمد اللہ خان چہارم پاس کا تقرر بمشاہرہ گیارہ روپیہ ماہوار بحیثیت عوض اشرف علی رخصتی کیا گیا -

اور مسمے احمد حسین مدرس مدرسہ دہاؤنی بزرگ کا تبادلہ مدرسہ دہاؤنی حسن پور تحصیل بلاسپور میں کیا گیا - مدرسہ دہاؤنی بزرگ میں مسمے عکمت اللہ چہارم پاس کا تقرر استحاناً برائے چھ ماہ بمشاہرہ ۱۰ روپیہ ماہوار کیا گیا -

مدرس مدرسہ کسرولی پرگنہ حضور تحصیل میں مسمے علی حسین ولد الٰہی بخش اپر پرائمری پاس کا تقرر گیارہ روپیہ تنخواہ پر ۸ دسمبر ۱۹۲۸ء سے استحاناً برائے چھ ماہ کیا گیا -

مسمے امیر علی مدرس مدرسہ کرم پور تحصیل سوار کا استعفا ۸ دسمبر ۱۹۲۸ء سے منظور کیا گیا نامبردہ کی تنخواہ تا چارج سامان سرکاری مسدود کی گئی - مدرسہ کرم پور میں مسمے حید حسن مڈل پاس کا تقرر بمشاہرہ ۱۲ روپیہ ماہوار استحاناً برائے چھ ماہ ۸ دسمبر ۱۹۲۸ء سے منظور کیا گیا -

لہذا

حکم ہوا کہ

نقل احکام برائے اندراج گزٹ مطبع کو مرسل ہو -

دستخط صاحب جوڈیشل سکریٹری بہادر

توسیع

۱۰ مرد سمبر ۱۹۲۸ء

حسب رپورٹ انسپکٹر صاحب مدارس سے اشرف علی مدرس مدرسہ دھنوپورہ تحصیل ٹانڈہ تنخواہ ۔۔۔ روپیہ ماہوار کی ملازمت غیر مستقل مین ختم مدت سے آخر اپریل ۱۹۲۹ء تک توسیع کی گئی۔

... مدرس مدرسہ ... پرگنہ بلاسپور کی میعاد ملازمت غیر مستقل مین توسیع آخر اپریل ۱۹۲۹ء تک کی گئی - لہذا

حکم ہے کہ

نقل حکم برائے اندراج گزٹ مطبع کو مرسل ہو۔

دستخط صاحب جوڈیشل سکریٹری بہادر

روبکار اجلاس صاحب جوڈیشل سکریٹری بہادر

واقع ۱۵ مرد سمبر ۱۹۲۸ء

سید حسن جعفری کی ... روپیہ تنخواہ سابقہ پر تقرر کی اور سید اولاد نبی ڈرائنگ ماسٹر کی بجائے ... کی منظوری اجلاس ہمایون سے صادر ہو چکی ہے - لیکن سید حسن جعفری کی ترقی کے بعد انکی جگہ پر ماسٹر محمد احمد کا پچاس روپیہ تنخواہ پر تقرر ہو چکا ہے - اور ماسٹر محمد احمد نے ۲۰ جنوری ۱۹۲۹ء کو حاضر ہو کر کام کرنیکی درخواست پیش کر دی ہے - لہذا آئندہ ... ڈرائنگ ماسٹر اور سکنڈ ڈرائنگ ماسٹر کے نام سے کوئی ڈرائنگ ماسٹر موسوم نہ ہوگا - سید حسن جعفری اور ماسٹر محمد احمد دونوں ڈرائنگ ماسٹر کے نام سے موسوم ہونگے اور ہیڈ ماسٹر صاحب ہائی اسکول مجاز ہونگے کہ جس سے جو کام لینا مناسب ہو لیں جو کام ڈرائنگ کا ہے وہ دونوں انجام دینگے -

حکم ہے کہ

حسب صراحت بالا احکام ضابطہ جاری ہون -

دستخط صاحب جوڈیشل سکریٹری بہادر

حکم اجلاس صاحب پرائیوٹ سکریٹری بہادر

اضافہ

۱۵ مرد سمبر ۱۹۲۸ء

... خان ... کی مشاہرہ موجودہ ... ماہواری مین پانچ روپیہ ماہواری اضافہ کیا جاوے ... محرر کا تبادلہ بھی کسی دوسرے کارخانہ مین مناسب معلوم ہوتا ہے

حکم ہوا کہ

احکام ضابطہ صادر جاری ہون اور کنٹرولر صاحب سے دریافت کیا جائے کہ تبادلہ کہان ہو سکتا ہے۔ یہ محرر کام اچھا کرنے والا ہے۔

دستخط صاحب پرائیوٹ سکریٹری بہادر

حکم اجلاس صاحب سکریٹری بہادر صنعت و حرفت

رخصت

۴ مرد سمبر ۱۹۲۸ء

مثبتہ رپورٹ انجنیر صاحب برقی روشنی در بارہ منظوری رخصت یکماہ جرار حسین پیدا ... بجلی گھر بضرورت شادی بھائی ... بوضع تنخواہ ... یوم

حکم

رپورٹ ملاحظہ ہوئی - رعایتی رخصت کا کوئی حق نہین پایا جاتا ہے - سائل چند ماہ سے بجلی گھر مین ہے - ایک ماہ کی رخصت بوضع تنخواہ منظور کیجاتی ہے - بغرض اجراء احکام صدر کو مرسل ہو -

دستخط صاحب سکریٹری بہادر صنعت و حرفت

احکام اجلاس صاحب فائینشل سکریٹری بہادر

اضافہ

۱ مرد سمبر ۱۹۲۸ء

مثبتہ رپورٹ دیوان صاحب در بارہ پانچ روپیہ اضافہ تنخواہ روشن لال معاون سیاہہ نویس خزانہ صدر بوجہ لیاقت و محنت بکار متعلقہ و خوش خطی -

حکم

حسب سفارش دیوان صاحب روشن لال معاون سیاہہ نویس خزانہ صدر کی تنخواہ موجودہ مین بغرض تکمیل تنخواہ پانچ روپیہ کی ترقی کیجاتی ہے - بغرض اجراء احکام صدر کو مرسل ہو -

دستخط فائینشل سکریٹری بہادر

رخصت

۱۹ مرد سمبر ۱۹۲۸ء

مثبتہ رپورٹ بخشی صاحب فوج در بارہ منظوری رخصت مزید دس یوم بسلسلہ انتظام سابق ابتدا ۱۵ مرد سمبر سنہ حال لغایت ۲۴ مرد سمبر ۱۹۲۸ء سید محمد تقی ... بوجہ بیماری علالت -

حکم

حسب سفارش بخشی صاحب فوج ۱۵ مرد سمبر ۱۹۲۸ء سے رخصت مزید ۱۰ یوم بسلسلہ انتظام سابقہ ... غلام محمد خان منظور ہے - بغرض اجراء احکام صدر کو مرسل ہو -

دستخط صاحب فائینشل سکریٹری بہادر

سرکاری پریس ریاست رامپور مین چھپکر شائع ہوا

نقشہ نرخنامہ اجناس ریاست رامپور من ابتدائے ہفتہ دوئم ماہ دسمبر ۱۹۲۸ء

نام جنس	حضور تحصیل	شاہ آباد	ملک	بلاسپور	سوار	ٹانڈہ	کیفیت
گندم	۲؍۱۰؍۳؍۱۰ ۳؍۱۰	۳؍۱۰	۳؍۱۰			۳؍۱۰	
نخود خالص	۵؍۱۰؍۵؍۱۰	۶؍۱	۵؍۱۰			۶؍۱	
نخود کتہ آمیز	۶؍۱؍۶؍۱	۰	۶؍۱			۶؍۱۰	
کتہ	۶؍۱۰؍۶؍۱۰	۰	۶؍۱			۶؍۱	
ماش	۳؍۱۰	۳؍۱۰	۳؍۱۰			۵؍۱	
مونگ	۳؍۱؍۳؍۱	۳؍۱۰	۰			۵؍۱	
مکا	۶؍۱۰؍۶؍۱۰	۶؍۱	۶؍۱۰			۶؍۱۰	
جئی	۵؍۱۰	۰	۰			۱؍۱	
گوجئی	۵؍۱۰؍۵؍۱	۰	۰			۸؍۱	
عدس	۵؍۱۰؍۵؍۱۰	۰	۰			۶؍۱	
ارہر	۶؍۱۰؍۶؍۱	۰	۰			۶؍۱۰	
برنج	۳؍۱؍۳؍۱	۳؍۱۰؍۳؍۱	۳؍۱؍۳؍۱			۳؍۱۰	
روغن زرد	۹ چھٹانک	۹ چھٹانک	۹ چھٹانک			۱۰	
روغن سیاہ	۱؍۱	۱؍۱	۱؍۱			۱؍۱	
روغن کنجد	۱؍۱	۱؍۱	۱؍۱			۰	
نمک سانبھر	۱۲	۱۲	۱۲			۱۳	
نمک لاہوری	۶	۸	۹			۸	
قند سیاہ	۵؍۱۰؍۶؍۱	۵	۶			۳؍۱	
باجرہ	۵؍۱۰؍۵؍۱	۵؍۱۰	۶؍۱۰			۶؍۱	دیگر تحصیلات سے نقشہ نہیں آیا